# سوال

(50)خریداری پر انعامی سکیم رکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عموماً سپر مارکیٹس کی جانب سے خریداری کرنے پر کچھ پوائنٹس دیے جاتے ہیں، مقررہ پوائنٹس کی وصولی پر خریداری کو پانچ یا دس پونڈ کا واؤچر دیا جاتا ہے تو کیا شرعاً یہ جائز ہے؟ (قاری عبدالسمیع، برمنگھم)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ صورتحال بالکل ایسی ہی ہے جیسے کوئی دکان دار یہ کہے کہ تم میری دکان سے دو چیزیں خریدو گے تو ایک مزید مفت ملے گی اور اس سے مقصود لوگوں کو دکان سے خریدنے پر ابھارنا ہوتا ہے۔ آپ نے جو صورت لکھی ہے اس میں بجائے اس کے کہ ایک چیز مزید مفت دی جائے، ایک واؤچر دیا جاتا ہے جس سے آپ ایک یا مزید اشیاء خرید سکتے ہیں۔ اس معاملے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ صراط مستقیم

## حلال وحرام کے مسائل، صفحہ:358

### محدث فتویٰ